## سبق 9: آؤ جمع سیکھیں

تالاب میں مچھلی اور مینڈک کے درمیان لڑائی ہوگئی۔ کوئی کسی کی بات ماننے کو تیار نہیں۔ جس کی تعداد زیادہ ہوگی وہ تالاب کا مالک ہوگا۔ سبھی اپنی اپنی ضد پر اڑ گیے۔ مچھلیاں کہتی ہیں ہماری تعداد زیادہ ہے۔ مینڈک سبھی کہتے ہیں ہماری تعداد زیادہ ہے۔

آخر یہ لوگ ایک بوڑھے کچھوئے کے پاس گیے۔ کچھوا پہلے مچھلیوں کی تعداد کو ایک ایک کر کے گنتا گیا۔ بڑی مچھلیوں کی تعداد ۲۶۳/ اور چھوٹی مچھلیوں کی تعداد ۳۲۸/ رہوئی۔ بڑے مینڈکوں کی تعداد ۲۳۸/ اور چھوٹے مینڈکوں کی تعداد ۳۵۴/ رہوئی۔

کس کی تعداد زیادہ ہوگی؟ مچھلیوں کی یا مینڈکوں کی

آؤ مچھلی کی تعداد معلوم کرتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| | ۲ | ۶ | ۳ |
| + | ۳ | ۲ | ۸ |



پہلے اکائی کے مقام سے جمع شروع کریں گے۔

۳/ اکائی + ۸/ اکائی = ۱۱/ اکائی

۱۱/ اکائی = ۱ دہائی اور ۱/ اکائی

حاصل جمع میں اکائی کے مقام پر ۱/ لکھا جایے گا۔

دہائی کے مقام کے ہندسوں کی جمع:

اکائی مقام کے حاصل جمع سے حاصل کیا گیا دہائی کا ہندسہ یہاں جمع ہوگا۔

۶/ دہائی + ۲/ دہائی + ۱ دہائی = ۹ دہائی

حاصل جمع میں دہائی کے مقام پر ۹ ہوگا۔

سیکڑہ مقام کے ہندسوں کی جمع:

۲ سیکڑہ + ۳ سیکڑہ = ۵ سیکڑہ

حاصل جمع میں سیکڑہ کے مقام پر ۵/ رہوگا۔

| | اکائی | دہائی | سو |
|---|---|---|---|
| | ۲ | ۶ | ۳ |
| + | ۳ | ۲ | ۸ |
| | ۵ | ۹ | ۱ |

کل تعداد: ۵ر سیکڑہ + ۹ر دہائی + ۱ر اکائی

= ۵۰۰+۹۰+۱

= ۵۹۱

|   |   |   |   |
|---|---|---|---|
|   | ۲ | ۶ | ۳ |
| + | ۳ | ۲ | ۸ |
| کل مچھلیاں = | ۵ | ۹ | ۱ |

اسی طرح کل مینڈکوں کی تعداد معلوم کیجیے۔

۲۳۸

+ ۳۵۴

---

کل مینڈکوں کی تعداد

اب بتائیے تالاب کا مالک کون ہوگا؟

- اسکول کے باغیچہ میں پھول کا پودا لگانے کا فیصلہ کیا گیا۔ درجہ اوّل کے بچوں نے ۱۷۳ر عدد پھول کے پودے، درجہ دوم کے بچوں نے ۱۵۴ر عدد پھول کے پودے، درجہ سوم کے بچوں نے ۲۰۹ر عدد پھول کے پودے لگائے، تو کل کتنے پھول کے پودے لگائے گیے؟

|   |   |   |   |
|---|---|---|---|
| درجہ اوّل کے بچے کے ۱۷۳ عدد پودے | ۱ | ۷ | ۳ |
| درجہ دوم کے بچے کے ۱۵۴ عدد پودے | ۱ | ۵ | ۴ |
| درجہ سوم کے بچے کے ۲۰۹ عدد پودے | ۲ | ۰ | ۹ |

کل پھول کے پودوں کی تعداد = ۱۷۳+۱۵۴+۲۰۹ = ........................


- ایک کسان نے اپنے باغیچہ سے ٹھیلے کے ذریعہ ناریل اپنے گھر ڈھویا۔ پہلی بار ۳۰۰ عدد، دوسری بار ۳۲۵ عدد اور تیسری بار ۲۸۵ر عدد ناریل گھر بھجوایے۔ تو کل کتنے عدد ناریل اس کے باغیچہ سے گھر آئے؟

|   |   |   |   |
|---|---|---|---|
| پہلی بار بھجوائے..................عدد ناریل | ☐ | ☐ | ☐ |
| دوسری بار بھجوائے..................عدد ناریل + | ☐ | ☐ | ☐ |
| تیسری بار بھجوائے..................عدد ناریل + | ☐ | ☐ | ☐ |


کل ناریل کی تعداد = ..................+..................+.................. = ☐

# مشق

1۔ تصویر دیکھ کر کہیے اور لکھیے:





2۔ نیچے کے خالی خانوں کو پر کیجیے:




3۔ نیچے سے نیچے، کونے سے کونے کی طرف موجود عددوں کی جمع کیجیے۔ حاصل جمع کیا ملا:

| | | |
|---|---|---|
| ۱۶۷ | ۱۶۰ | ۱۶۵ |
| ۱۶۲ | ۱۶۴ | ۱۶۶ |
| ۱۶۳ | ۱۶۸ | ۱۶۱ |

4۔ نیچے ۵/عدد گائے اور ۵/عدد بچھڑے کی تصویر دی گئی ہے۔عددوں کو ملانے پر کون سا بچھڑا کس گائے کے پاس جائے گا لکیر کھینچ کر جانکاری دیجیے۔




5۔ اس ٹیبل میں ایک دوسرے سے جڑے کسی بھی تین خانوں کے ہندسوں کی مدد سے تین ہندسوں پر مشتمل عدد بنائیے۔(جتنا ممکن ہو سکے) جو اعداد ملے۔ان میں سے تین عددوں کا حاصل جمع معلوم کیجیے۔دیکھیے اس طرح سے کون زیادہ سے زیادہ حاصل جمع معلوم کر سکتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۳ | ۲ | ۱ |
| ۰ | ۸ | ۶ |
| ۵ | ۴ | ۲ |

6۔ حل کیجیے:

| | |
|---|---|
| (i) ایک ٹوکری میں ۲۸۶/عدد بھینڈی اور دوسری ٹوکری میں ۱۳۷/عدد بھینڈی ہے۔تو دونوں ٹوکری میں کل ملا کر کتنی بھینڈیاں ہیں؟ | ۲۸۶<br>+ ۱۳۷<br>۴۲۳ عدد بھینڈیاں ہیں۔ |
| (ii) رحیم کے کھیت میں ۲۱۵/عدد مکئی کا پودا اور ۲۲۸/عدد باجرا کا پودا ہے۔تو اس کھیت میں کل کتنے پودے ہیں۔ | |
| (iii) ایک اسکول میں ۲۳۴/عدد لڑکے اور ۱۸۵/عدد لڑکیاں ہیں تو اس اسکول میں کل کتنے بچے ہیں۔ | |
| (iv) ایک میدان میں ۱۲۳/عدد گائیں، ۳۱۶/عدد بکریاں اور ۲۷۹/عدد بھینس چر رہی ہیں۔تو اس میدان میں کل کتنے جانور ہیں۔ | |

| | |
|---|---|
| (v) فرحان ایک دن میں ۲۱۶/عدد اینٹیں تیار کیا اور عدنان نے ایک دن میں ۲۸۴/عدد۔ تو دونوں نے مل کر ایک دن میں کل کتنے عدد اینٹیں تیار کیں؟ | |
| (vi) سعدیہ کے پاس ۴۲۵/روپے علیمہ کے پاس ۲۳۸/روپے اور سعد کے پاس ۱۴۷/روپے ہیں۔ تو ان تینوں کے پاس کل کتنے روپے ہیں۔ | |
| (vii) ایک گاؤں میں ۲۲۸/مرد، ۲۳۷/عورتیں اور ۴۲۵/بچے ہیں۔ تو اس گاؤں کی کل آبادی کتنی ہے۔ | |

## 7۔ آیئے اندازے سے حاصل جمع کریں:

۴۳/اور ۲۱/کا حاصل جمع ۵۰/سے زیادہ ہوگا یا ۵۰/سے کم؟

ہم اندازہ کرتے وقت دونوں ہندسے کی اکائی کے ہندسے کو چھوڑ کر بعد کے دونوں ہندسوں کو جمع کریں گے۔ تو

حاصل جمع ہوگا=۴۰+۲۰=۶۰

اس لیے ۴۳/اور ۲۱ کا حاصل جمع ۵۰/سے زیادہ ہوگا۔

اسی طرح بتائیے:

(i) ۶۲ + ۳۳ کا حاصل جمع ۸۰ سے زیادہ یا ۸۰ سے کم ہوگا؟

(ii) ۵۵+۲۴=۸۰ سے زیادہ یا ۸۰ سے کم؟

8۔ نیچے دیے گیے دوعددوں کا حاصل جمع اندازہ کریں اور بائیں طرف موجود جواب کے درمیان صحیح جواب کو چن کر اس پر نشان دیں۔

| | دوعدد | | حاصل جمع |
|---|---|---|---|
| (i) | ۲۳+۱۴ | ● | ۳۰ سے زیادہ |
| | | ● | ۳۰ سے کم |
| | | ● | ۳۰ کے برابر |
| (ii) | ۲۰+۴۹ | ● | ۷۰ سے زیادہ |
| | | ● | ۷۰ سے کم |
| | | ● | ۷۰ کے برابر |
| (iii) | ۵۱+۳۱ | ● | ۸۰ سے زیادہ |
| | | ● | ۸۰ سے کم |
| | | ● | ۸۰ کے برابر |
| (iv) | ۲۵+۶۲ | ● | ۷۰ سے زیادہ |
| | | ● | ۷۰ سے کم |
| | | ● | ۷۰ کے برابر |

9۔ دل ہی دل میں حساب کر کے کہیے:

(i) سعدیہ نے ۸ عدد چاکلیٹ کھاے، سعدیہ سے ۵ عدد چاکلیٹ زیادہ ثمرہ نے کھائی تو بتاؤ کہ ثمرہ نے کتنی چاکلیٹ کھائی۔

(ii) جویریہ نے ۶/عدد پھول توڑے، فرخندہ نے ۹/عدد پھول توڑے دونوں کے پھولوں کو ملا کر ایک مالا تیار کی گئی تو بتاؤ کہ اس مالا میں کل کتنے پھول ہیں؟

(iii) عرفات کے پاس ۲۲/روپے تھے۔ اس کے والد نے اسے ۱۲/روپے دیے تو عرفات کے پاس کل کتنے روپے ہو گیے؟

(iv) عدنان کے جنم کے وقت فیضان کی عمر ۴ سال تھی جب عدنان کی عمر ۵/سال ہو گی تو فیضان کی عمر کتنی ہو گی۔

(v) کس عدد سے ۱۱/تفریق کرنے سے حاصل تفریق ۲۲/ہو گا؟

(vi) دوعددوں کا حاصل تفریق ۵ ہے۔ اس میں چھوٹا عدد ۱۵/ہو تو بڑا عدد کتنا ہو گا۔